سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق جمعہ 23 اکتوبر دو روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچیں گے

کوئٹہ (آن لائن) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق جمعہ 23 اکتوبر دو روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچیں گے دورے کے دوران قبائلی عمائدین و سیاسی کارکنوں سے ملاقات، جماعت اسلامی کے صوبائی دفتر میں تقریب سے خطاب بھی کریں گے۔

روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ

★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

Daily Tameer-e-Watan Quetta

ریلوے کالونی میں گھر میں آگ بھڑک اٹھی فائر بریگیڈ کے عملے نے بروقت کارروائی کرکے آگ پر قابو پالیا

کوئٹہ (آن لائن) ریلوے کالونی میں گھر میں آگ بھڑک اٹھی فائر بریگیڈ کے عملے نے بروقت کارروائی کرکے آگ پر قابو پالیا گزشتہ روز ریلوے کالونی میں ایک مکان میں اچانک آگ بھڑک اٹھی آگ نے دیکھتے ہی دیکھتے دوسرے مکان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا فائر بریگیڈ کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پالیا۔

جلد نمبر 28.....شمارہ نمبر 22 بروز جمعرات 22 اکتوبر 2026ء 10 جمادی الاول 1448ھ.....قیمت 7 روپے (صفحات 4)

کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان.....ایڈیٹر: ایم ایس خان

برآمد کنندگان کو درپیش مسائل کے حل اور برآمدات میں اضافے کیلئے ہر ممکن قدم اٹھائینگے، بلاول

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ برآمد کنندگان کو درپیش مسائل کے حل اور برآمدات میں اضافے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ بدھ کو وفاقی وزیر کی زیر صدارت بریفنگ (باقی صفحہ 2 نمبر 31)



قطر اور پاکستان کے درمیے امریکا کے ساتھ رابطے جاری ہیں، عباس عراقچی

تہران (آن لائن) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ اب بھی قطر اور پاکستان کے ذریعے امریکا کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ عراقی ٹی وی نیٹ ورک کو انٹرویو دیتے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ ہمارا ہر مرکوئی بین الاقوامی آئی کرگو کمپنی (باقی صفحہ 2 نمبر 30)



بلوچستان کے سنگین حالات سب کے سامنے روز روشن کی طرح عیاں ہے، سینیٹر مولانا ہدایت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع ایبر یشی اور گورنر راج کے خاتمے کا مطالبہ کرتے کہا ہے



پاکستان اور مالدیپ کے درمیان 20 ایم او یوز سیاحت، تجارت 20 کروڑ ڈالر تک لانے پر اتفاق

پاکستان اگلے 12 ماہ کے دوران ایک لاکھ زیتون کے پودے اور مختلف پودوں کے ایک لاکھ بیج فراہم کریگا وزیراعظم کا مالدیپ کے طلبہ کیلئے ہر سال مزید 20 انڈر گریجویٹ اسکالرشپس دینے کا اعلان

وزیراعظم شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر کے درمیان وفود کی سطح پر مذاکرات کے بعد 20 مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ تجارت ایک کروڑ 34 لاکھ ڈالر سے بڑھا کر 20 کروڑ ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر

سال مزید 20 انڈر گریجویٹ اسکالرشپس دینے کا اعلان کیا جبکہ پاکستان اگلے 12 ماہ کے دوران ایک لاکھ زیتون کے پودے اور مختلف پودوں کے ایک لاکھ بیج فراہم کرے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر کے درمیان وفود کی سطح پر مذاکرات کے بعد 20 مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ کیا گیا جن کے تحت مختلف شعبوں کو تعاون کو فروغ دیا جائے گا (باقی صفحہ 2 نمبر 1)



پاکستان کا مقصد مشترکہ تحقیق و ترقی، تربیتی تبادلوں اور صنعتی صلاحیت کی تعمیر کے شعبوں میں تعاون بڑھانا ہے، تاکہ شریک ممالک کی دفاعی صنعتوں کے درمیان اشتراک کو مزید وسعت دی جائے

دوحہ میں چاروں ممالک کے درمیان دفاعی صنعتوں میں تعاون کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط؛ مشترکہ پیداوار، ٹیکنالوجی کی منتقلی، تحقیق و ترقی، تربیتی تبادلوں اور صنعتی صلاحیت بڑھانے پر توجہ

بدر مفاہمتی یادداشت پاکستان ترکیہ قطر اور انڈونیشیا دفاعی معاہدے پر دستخط کر دیے

بدر پراجیکٹ: پاکستان، قطر، ترکیہ اور انڈونیشیا کے درمیان دفاعی تعاون کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت، خواجہ آصف کا علاقائی امن و استحکام کے مشترکہ عزم کا اظہار

اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان کی انتظامی تنظیم نو ترقی مباحثے اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق نشست میں اظہار خیال کررہے ہیں



ملک بھر میں گندم کی دستیابی اور قیمتوں میں توازن برقرار رکھنے پر غور

گندم کی درآمد اور ذخائر کا جائزہ، اسحاق ڈار کی متعلقہ حکام کو اہم ہدایات

تمام صوبوں میں گندم کی دستیابی یقینی بنانے کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اجلاس میں گندم کی قیمتوں میں توازن برقرار رکھنے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

بلوچستان میں 24 گھنٹے مفت آن لائن طبی مشاورت فراہم کرنیکا آغاز

ایپ کی فعالیت کے پہلے ہی روز 791 ٹیلیکنسلٹیشن کالز کے ذریعے شہریوں کو تجربہ کار ڈاکٹروں نے مفت طبی مشاورت فراہم کی

صحت سمیت بنیادی شعبوں میں سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی

عوام کو گھر بیٹھے مفت طبی مشاورت کی سہولت فراہم کرنے کیلئے جدید ڈیجیٹل ایپلی کیشن ''صحت دہلیز'' متعارف کروا دی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو گھر بیٹھے مفت طبی مشاورت کی سہولت فراہم کرنے کے لیے جدید ڈیجیٹل ایپلی کیشن ''صحت دہلیز'' متعارف کروادی ہے، جس کے ذریعے شروع 24 گھنٹے، سال کے 365 دن تجربہ کار طبی ماہرین سے مفت مشاورت حاصل کرسکیں گے۔ سادی رابطے کی ویب سائٹ ایپس پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ صحت کی سہولیات

روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN
ABC CERTIFIED

پاک مالدیپ تعلقات

پاکستان اور مالدیپ نے داخلی سلامتی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور غیر قانونی امیگریشن، انسانی اسمگلنگ اور منظم جرائم جیسے مشترکہ چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے باہمی روابط اور تجربات کے تبادلے کی اہمیت پر زور دیا ہے۔اس سلسلے میں وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے مالدیپ کے وزیر داخلہ علی احسان سے اہم ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ، سکیورٹی تعاون میں اضافے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مابین اشتراک کو مزید مؤثر بنانے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران غیر قانونی امیگریشن، انسانی اسمگلنگ اور منظم جرائم کی روک تھام کے لیے مشترکہ کوششوں کو فروغ دینے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ دونوں جانب سے اس امر کی اہمیت اجاگر کی گئی کہ باہمی تعاون اور مؤثر رابطوں کے ذریعے ان چیلنجز کا بہتر انداز میں مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن واستحکام کے فروغ کے لیے دوست ممالک کے ساتھ سکیورٹی تعاون اور تجربات کے تبادلے کو اہمیت دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ داخلی سلامتی اور قانون نافذ کرنے کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔طلال چودھری کا کہنا تھا کہ غیر قانونی امیگریشن اور انسانی اسمگلنگ جیسے مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے دونوں ممالک کے درمیان قریبی روابط اور تعاون کا فروغ ناگزیر ہے۔اس موقع پر وزیر مملکت طلال چودھری نے مالدیپ کے وزیر داخلہ علی احسان کو وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے دوطرفہ تعاون کے فروغ کے لیے ہر ممکن معاونت کی یقین دہانی بھی کرائی۔مالدیپ کے وزیر داخلہ علی احسان نے کہا کہ دونوں ممالک تعاون اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے درپیش چیلنجز کا مؤثر مقابلہ کر سکتے ہیں۔انہوں نے پاکستان کی شرکت کی۔اس موقع پر چاروں ممالک نے دفاعی صلاحیتوں میں اضافے، دفاعی صنعتوں کے درمیان تعاون کو وسعت دینے اور جدید دفاعی ضروریات سے ہم آہنگ ٹیکنالوجی اور صنعتی حل کی تیاری کے لیے مشترکہ کوششوں کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے بدر مفاہمتی یادداشت کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان قابل اعتماد شراکت داروں کے ساتھ دفاعی تعاون کو مضبوط بنانے کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ان کے مطابق، بدر مفاہمتی یادداشت مشترکہ اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے درمیان ہونے والی سطحی وفود کی سطح پر اجلاس بھی ہوا۔وزیراعظم نے وزیراعظم ہاؤس آمد پر مالدیپ کے صدر کا استقبال کیا اور ان کے اعزاز میں گارڈ آف آنر کی تقریب منعقد کی گئی۔صدر معیزو نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا اور وزیراعظم ہاؤس میں یادگار کے طور پر پودا بھی لگایا۔مشترکہ اعلامیہ کے مطابق مذاکرات کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور مالدیپ کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔وزیراعظم شہباز شریف نے مالدیپ کے ساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے اور اس کی قومی ترقی کی ترجیحات میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔مشترکہ اعلامیہ کے مطابق مذاکرات میں اقتصادی تعاون کو خصوصی اہمیت دی گئی۔

بقیہ 02

اہمیت دیتا ہے۔قطری وزارت دفاع کے مطابق، مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب دوحہ میں منعقد ہوئی، جس میں پاکستان، قطر، ترکیہ اور انڈونیشیا کے وزرائے دفاع اور متعلقہ دفاعی اداروں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔اس موقع پر چاروں ممالک نے دفاعی صلاحیتوں میں اضافے، دفاعی صنعتوں کے درمیان تعاون کو وسعت دینے اور جدید دفاعی ضروریات سے ہم آہنگ ٹیکنالوجی اور صنعتی حل کی تیاری کے لیے مشترکہ کوششوں کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے بدر مفاہمتی یادداشت کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان قابل اعتماد شراکت داروں کے ساتھ دفاعی تعاون کو مضبوط بنانے کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ان کے مطابق، بدر مفاہمتی یادداشت علاقائی امن اور استحکام کے لیے چاروں ممالک کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتی ہے۔خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان متعلقہ ملکی اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق دفاعی شعبے میں خود کفالت، صنعتی تعاون، مشترکہ پیداوار اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے مواقع تلاش کرنے کا خواہاں ہے۔وزیر دفاع کے مطابق، پاکستان کا مقصد مشترکہ تحقیق وترقی، تربیتی تبادلوں اور صنعتی صلاحیت کی تعمیر کے شعبوں میں تعاون بڑھانا ہے، تاکہ شریک ممالک کی دفاعی صنعتوں کے درمیان اشتراک کو مزید وسعت دی جا سکے۔ان کے بیان سے واضح ہوتا ہے کہ پاکستان بدر منصوبے کو دفاعی پیداوار کے ساتھ ساتھ ٹیکنیکی مہارت، تحقیق، تربیت اور صنعتی ترقی میں تعاون کے ایک اہم فریم ورک کے طور پر دیکھ رہا ہے۔تقریب میں پاکستان کی نمائندگی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور وزیر دفاعی پیداوار محمد رضا حیات ہراج نے کی۔ترکیہ کے وزیر دفاع یاشار گولر اور انڈونیشیا کے نائب وزیر دفاع بھی تقریب میں شریک ہوئے۔چاروں ممالک کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔اس موقع پر چاروں ممالک نے دفاعی صلاحیتوں میں اضافے، دفاعی صنعتوں کے درمیان تعاون کو وسعت دینے اور جدید دفاعی ضروریات سے ہم آہنگ ٹیکنالوجی اور صنعتی حل کی تیاری کے لیے مشترکہ کوششوں کو فروغ دینے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ دونوں جانب سے اس امر کی اہمیت اجاگر کی گئی کہ باہمی تعاون اور مؤثر رابطوں کے ذریعے ان چیلنجز کا بہتر انداز میں مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن واستحکام کے فروغ کے لیے دوست ممالک کے ساتھ سکیورٹی تعاون اور تجربات کے تبادلے کو اہمیت دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ داخلی سلامتی اور قانون نافذ کرنے کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔طلال چودھری کا کہنا تھا کہ غیر قانونی امیگریشن اور انسانی اسمگلنگ جیسے مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے دونوں ممالک کے درمیان قریبی روابط اور تعاون کا فروغ ناگزیر ہے۔اس موقع پر وزیر مملکت طلال چودھری نے مالدیپ کے وزیر داخلہ علی احسان کو وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے دوطرفہ تعاون کے فروغ کے لیے ہر ممکن معاونت کی یقین دہانی بھی کرائی۔مالدیپ کے وزیر داخلہ علی احسان نے کہا کہ دونوں ممالک تعاون اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے درپیش چیلنجز کا مؤثر مقابلہ کر سکتے ہیں۔انہوں نے پاکستان کی شرکت کی۔اس موقع پر چاروں ممالک نے دفاعی صلاحیتوں میں اضافے، دفاعی صنعتوں کے درمیان تعاون کو وسعت دینے اور جدید دفاعی ضروریات سے ہم آہنگ ٹیکنالوجی اور صنعتی حل کی تیاری کے لیے مشترکہ کوششوں کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے بدر مفاہمتی یادداشت کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان قابل اعتماد شراکت داروں کے ساتھ دفاعی تعاون کو مضبوط بنانے کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ان کے مطابق، بدر مفاہمتی یادداشت علاقائی امن اور استحکام کے لیے چاروں ممالک کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتی ہے۔خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان متعلقہ ملکی اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق دفاعی شعبے میں خود کفالت، صنعتی تعاون، مشترکہ پیداوار اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے مواقع تلاش کرنے کا خواہاں ہے۔وزیر دفاع کے مطابق، پاکستان کا مقصد مشترکہ تحقیق وترقی، تربیتی تبادلوں اور صنعتی صلاحیت کی تعمیر کے شعبوں میں تعاون بڑھانا ہے، تاکہ شریک ممالک کی دفاعی صنعتوں کے درمیان اشتراک کو مزید وسعت دی جا سکے۔ان کے بیان سے واضح ہوتا ہے کہ پاکستان بدر منصوبے کو دفاعی پیداوار کے ساتھ ساتھ ٹیکنیکی مہارت، تحقیق، تربیت اور صنعتی ترقی میں تعاون کے ایک اہم فریم ورک کے طور پر دیکھ رہا ہے۔تقریب میں پاکستان کی نمائندگی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور وزیر دفاعی پیداوار محمد رضا حیات ہراج نے کی۔ترکیہ کے وزیر دفاع یاشار گولر اور انڈونیشیا کے نائب وزیر دفاع بھی تقریب میں شریک ہوئے۔چاروں ممالک کے اعلیٰ حکام نے

بقیہ 01

مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے دن رات کوشاں ہیں، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں عوام کیساتھ کی سہولیات کی فراہمی کیلئے "صحت وظیفہ" اسپیشل اسکیم کروائی گئی ہے جس سے صوبے کے دوردراز علاقوں میں بیٹھے عوام کو اپنے گھر کے قریب چیک اپ، مفت علاج معالجہ کی سہولیات میسر آئیں گی، انہوں نے کہا کہ ہمارا ہدف ہے کہ جدید سہولیات سے آراستہ ایسا ہسپتال تعمیر کیا جائے جو صوبے میں فعال ہیلتھ کیئر سسٹم کی ضرورت کو پورا کرسکے، ہم آمدنی والے ملازمین اور غریب طبقہ دونوں میں توازن پر یقین رکھتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ ملازمین کی تنخواہیں بڑھیں، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے ملازمین کو بہتر سہولیات میسر ہو

سیاسی کارکنوں کو جھوٹے مقدمات میں پابند سلاسل بناکر حراساں کرنے کی کوشش کی جارہی ہے

اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری قابل مذمت ہے، اے این پی

اس وقت سب سے زیادہ سیاسی کارکن و رہنما بدترین حالات کا سامنا کررہے ہیں، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوباء، ترجمان نے عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی ایک ایسے مقدمے میں گرفتاری جس میں مدعی فریق نے عدالت میں حلفیہ بیان بھی جمع کی ہے۔ اس کے باوجود گرفتاری میرٹ کے خلاف اور سوالیہ نشان ہے۔ پارٹی کے ترجمان نے کہا ہے کہ پرانے اور جھوٹے مقدمات میں گرفتاری محض خوف وحراس کا ماحول پیدا کرنا ہے جو ممکن نہیں، پارٹی ترجمان (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

بی این پی کی اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری کی شدید مذمت

من گھڑت مقدمات اور سیاسی انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ بند کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی نے عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ماورائے آئین وقانون اقدام، سیاسی انتقام اور جمہوری اقدار کے منافی قرار دیا گیا ہے۔ مرکزی بیان میں کہا گیا کہ فارم 47 کے ذریعے اقتدار میں آنے والے حکمران حقیقی قوم دوست وطن دوست اور جمہوری سیاسی قیادت کو کمزور کرنے کے لیے غیر جمہوری ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں، جن کا مقصد عوام کی حقیقی نمائندہ سیاسی قوتوں کو دبانا اور جمہوری آوازوں کو خاموش کرنا ہے۔ اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری بھی (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر لورالائی کے زیر صدارت ضلعی تعلیمی گروپ کا اجلاس

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کے زیر صدارت ضلعی تعلیمی گروپ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے تعلیمی اداروں کی کارکردگی، تدریسی عملے کی حاضری، بند اسکولوں کی بحالی اور تعلیمی شعبے میں جاری اقدامات کا تفصیلی (باقی صفحہ 3 نمبر 15)



زیارت، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر زیارت ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت مسجد کی تعمیر پر کام جاری ہے

جمال شاہ کاکڑ کی اسپیکر سردار ایاز صادق سے ملاقات

احسان اللہ خاکسار کی مسلم لیگ میں شمولیت کے فیصلے کا خیر مقدم

پارٹی میں شمولیت سے بلوچستان کی سیاسی ماحول پر مثبت اثرات مرتب ہونگے

کوئٹہ/اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے ج اسمبلی سیکرٹریٹ اسپیکر چیمبر میں خصوصی ملاقات کی اس موقع پر معروف سیاسی شخصیت احسان اللہ خاکسار بھی موجود تھے صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ نے انہیں بلوچستان کے تنظیمی معاملات کے با (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

دن کے اوقات گیس کی بندش ناقابل قبول ہے، جمعیت (ف)

کوئٹہ میں گیس لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے سردی میں عوام کو مشکلات سے دوچار نہ کیا جائے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائیں بالخصوص صبح سویرے اور کھانا پکانے کے اوقات میں گیس کی فراہمی بحال رکھی جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں سردیوں کے آغاز کے ساتھ ہی گیس کی بدترین (باقی صفحہ 3 نمبر 17)



کوئٹہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر برشور کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

ضلع کا کوئی بھی اسکول غیر فعال نہ رہے اور طلبہ کا تدریسی عمل بلاتعطل جاری رہے

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر برشور سید رضی ہیرہ، اسسٹنٹ کمشنر توبہ کاکڑی معید جاموٹ اور محکمہ تعلیم کے ضلعی آفسران سمیت تمام ہیڈ کلسٹرز نے شرکت کی، اجلاس کا بنیادی مقصد ضلع بھر میں سرکاری اسکولوں کی مجموعی کارکردگی کو جانچنا، اساتذہ کی حاضری کا جائزہ لینا اور تعلیمی اداروں کو درپیش بنیادی مسائل کا فوری حل تلاش کرنا تھا، اجلاس (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

انجمن اساتذہ پاکستان بلوچستان کے جنرل سیکریٹری انجم کاکڑ کا سبی کا تنظیمی دورہ

صحبت پور (آن لائن) انجمن اساتذہ پاکستان صوبہ بلوچستان کے جنرل سیکریٹری انجم کاکڑ نے سبی بلوچستان کا تنظیمی دورہ کیا اور مختلف سکولوں میں اساتذہ کرام سے ملاقاتیں اور انجمن اساتذہ پاکستان میں باقاعدہ شمولیت کی دعوت دی اس موقع پر گورنمنٹ بوائز مڈل سکول نیو کالونی باجمی ضلع سبی کے ہیڈ ماسٹر نذیر احمد صاحب محمد بخش سیلابی جمعہ خان نجک ظاہر خان کھوسہ محمد بلال گل محمد اختر عمر فاروق اویس احمد اسد بیگ نے انجم کاکڑ کا استقبال کیا اس موقع پر انجم کا (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

امریکا نا کہ بندی اور دھمکیوں کے ساتھ مذاکرات کی توقع نہیں کرسکتا: ایرانی صدر

تہران (آن لائن) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ امریکا ایران کی ناکہ بندی اور دھمکیاں جاری رکھتے ہوئے بیک وقت مذاکرات کی توقع نہیں کرسکتا۔ الجزیرہ کے (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

باغبانہ پولیس کی منشیات کے خلاف کامیاب کارروائی

مزید دو بینا الصوبائی منشیات اسمگلرز گرفتار

خضدار (آن لائن) باغبانہ پولیس کی منشیات کے خلاف کامیاب کاروائی مزید دو بینا الصوبائی منشیات اسمگلرز گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او باغبانہ ابراہیم شیخ، دوسرے (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

میونسپل کمیٹی وارڈ نمبر ایک میں مبینہ میگا کرپشن کا نوٹس لیا جائے، شہیک مری

میونسپل کمیٹی کے ہر وارڈ کے لیے مبینہ طور پر 85 لاکھ روپے مختص کیے گئے تھے

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری کے نوجوان رہنما شہیک مری نے میونسپل کمیٹی وارڈ نمبر ایک میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں اور ترقیاتی کاموں میں عدم پیش رفت کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

جاری تمام ترقیاتی منصوبوں میں حائل رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جائے، سائرہ عطاء

تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام مقررہ معیار اور معیاد کے مطابق مکمل کیا جائے، اجلاس سے خطاب

تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات اور معیاری بنیادی ڈھانچہ فراہم کیا جاسکے

حب (خ ن) جاری تمام ترقیاتی منصوبوں میں حائل رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جائے اور تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام مقررہ معیار اور معیاد کے مطابق مکمل کیا جائے عوام کو بہتر سفری سہولیات اور معیاری بنیادی ڈھانچہ فراہم کیا جاسکے۔ کمشنر سائرہ عطاء تفصیلات کے مطابق کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی زیر صدارت ضلع لسبیلہ میں محکمہ مواصلات وتعمیرات (C&W) کے تحت جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ڈپٹی کمشنر حمیرا بلوچ ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ چندرانی ایکسین روڈ شریک ہوئے محکمہ (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

عوام کے بنیادی مسائل کا حل سیاست کا بنیادی مقصد ہے، زادہ فیصل جمالی

عوامی نمائندوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے درمیان رہ کر ان کے مسائل سنیں اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کریں

پینے کے صاف پانی، بہتر مواصلاتی نظام اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری ترجیحات میں شامل ہے، بات چیت

اوستا محمد (آن لائن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ عوام کے بنیادی مسائل کا حل سیاست کا بنیادی مقصد ہے عوام کو صحت، تعلیم، پینے کے صاف پانی، بہتر مواصلاتی نظام اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ سیاست کا اصل مقصد عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کا حل یقینی بنانا ہے۔ عوامی نمائندوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے (باقی صفحہ 4 نمبر 4)

ملک وقوم کی تعمیر وترقی میں مضبوط، پائیدار اور جدید انفراسٹرکچر کا کلیدی کردار ہے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر برائے کمیونیکیشن اینڈ ورکس اور پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر میر سلیم احمد کھوسہ نے ملاقات کی جس میں صوبے میں انفراسٹرکچر کی ترقی، تعمیراتی منصوبوں کی موثر منصوبہ بندی اور دستیاب وسائل کے (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کی زیر صدارت اجلاس

مقررہ ٹائم فریم درپیش مالی وتکنیکی مشکلات اور دیگر متعلقہ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کی زیر صدارت صوبے میں جاری وفاقی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ چیف انجینئر خاران مکران زون چیف انجینئر بی زون اور مختلف منصوبوں کے پروجیکٹ ڈائریکٹرز و دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کے دوران چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ نے صوبے میں جاری تمام وفاقی ترقیاتی منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت منصوبوں کی تکمیل (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

حاجی شاہجہان ترین کی اہلیہ انتقال کرگئیں

کوئٹہ (آن لائن) حاجی شاہجہان ترین کی اہلیہ انتقال کرگئیں۔ وہ عمران ترین، جہانگیر ترین، اورلیس ترین اور ناصر ترین کی (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

حاجی محبوب خان بڑیچ عرف بابو خان انتقال کرگئے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی کونسل کے رکن اور حلقہ پی بی 43 سے پشتونخوا نیپ کے سابق امیدوار حاجی روزی خان بڑیچ کے بڑے بھائی حا (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

نال میں مرغی کے گوشت کی قیمتوں میں من مانا اضافہ، عوام پریشان، پرائس کنٹرول کمیٹی خاموش

نال (آن لائن) نال میں مرغی کے گوشت کی قیمتوں میں من مانے اضافے کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مرغی فروش اپنی مرضی کے نرخ مقرر کرکے گوشت فروخت کررہے ہیں، جبکہ پرائس کنٹرول کمیٹی کی عدم توجہی (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

آٹے کی مہنگائی پر قابو پانے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں، پشتونخوا نیپ

ناقص منصوبہ بندی اور مؤثر نگرانی کے فقدان کے باعث غریب اور متوسط طبقے کیلئے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہوگیا

گندم کے ذخائر اور آٹے کی فراہمی کی صورتِ حال کا فوری جائزہ لے کر ضرورت کے مطابق گندم کی فراہمی یقینی بنائی جائے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے صوبہ بھر، بالخصوص کوئٹہ اور دیگر اضلاع میں آٹے کی قیمتوں میں ہوش رُبا اضافے، سرکاری نرخوں پر آٹے کی عدم دستیابی اور عوام کی قوتِ خرید میں مسلسل کمی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آٹا ہر گھر کی بنیادی ضرورت ہے، لیکن حکومتی نااہلی، ناقص منصوبہ بندی اور مؤثر نگرانی کے فقدان کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے دن رات کوشاں ہیں، حیات اچکزئی

انقلابی اقدامات کے باعث عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملی ہے

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حیات خان اچکزئی نے کہا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے عوام کو صحت، تعلیم اور سفر کی بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات اظہر ہے ہیں گزشتہ اڑھائی سال کے دوران بلوچستان میں صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

جمعہ داد خان کا بی ای ایس ایس آئی ہسپتال کا اچانک اور تفصیلی دورہ

جوابدہی کو یقینی بنانے کیلئے اچانک معائنے اور انتظامی نگرانی کا سلسلہ جاری رکھا جائیگا

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان کا بی ای ایس ایس آئی ہسپتال کا اچانک اور تفصیلی دورہ کیا دورے کے موقع پر 23 ملازمین غیر حاضر پائے گئے جس پر ڈپٹی کمشنر حب نے انہیں غیر حاضر ہونے پر شوکاز نوٹس جاری کیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل نے بلوچستان ایمپلائز سوشل سیکیورٹی انسٹی ٹیوشن (BESSI) ہسپتال حب کا تفصیلی او (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے، میاں افتخار حسین

مذمتی بیان طلبی کو نظر انداز کیوں کیا جارہا ہے؟ گرفتاری شکوک وشبہات کو جنم دے رہی ہے

پشاور/ کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی خیبر پختونخوا کے صدر میاں افتخار حسین نے اے این پی بلوچستان کے صدر اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی رہنماؤں کو اس انداز میں گرفتار کرنا قانون کی بالادستی اور انصاف کے تقاضوں پر سوالات اٹھاتا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اصغر خان اچکزئی کے مقدمے میں تمام قانونی تقاضے پورے (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

کرکس باؤسنگ سکیم خضدار کی اراضی پر کسی بھی قسم کی ناجائز مداخلت قبضے کی کوشش بالکل ناقابل برداشت ہے، اپکا

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (اپکا) کوئٹہ کے ترجمان نے خضدار میں کلرکس باؤسنگ سکیم کی سرکاری الاٹ شدہ اراضی پر لینڈ مافیا کی جانب سے مبینہ قبضے ملازمین کو دھمکانے اور ان پر حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ اور صوبائی حکومت (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

ژوب میں تین ہفتوں سے انٹرنیٹ کی بندش عوام باعث مشکلات ہے، این ڈی ایم

ژوب (آن لائن) ژوب میں تین ہفتوں سے انٹرنیٹ کی بندش عوام، طلباء وطالبات اور کاروباری طبقے کے لیے شدید مشکلات کا باعث بن رہی ہے، انٹرنیٹ بحال کیا جائے۔ نیشنل ڈیسوکر بنگ مووومنٹ ژوب کے ضلعی بیان میں کہا گیا ہے کہ ژوب میں گزشتہ تین ہفتوں سے (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

وفاقی محتسب کی بروقت مداخلت: شکایت کا میابی سے حل

خضدار کی مستحق خاتون کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کیلئے متبادل سم جاری

خضدار/ اسلام آباد (پ ر) وفاقی محتسب اعلیٰ پاکستان کی عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے جاری کوششوں کے نتیجے میں ضلع خضدار کی رہائشی خاتون کو طویل عرصے سے معطل شدہ مالی معاونت کی بحالی ممکن ہوگئی ہے۔ وفاقی محتسب کی موثر مداخلت اور نوٹس کے باعث بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی مستحق خاتون کو ٹیلی نار کی متبادل سم فراہم کردی گئی ہے، جس کے بعد ان کا درپیش مسئلہ مکمل طور پر حل ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق محلہ فیروز آباد، خضدار کی رہائشی درخواست گزار مسماۃ فیض بی بی کی ٹیلی نار سم گم ہوگئی تھی، جس (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور کی زیر صدارت ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

ادویات کی دستیابی، طبی سہولیات کے فقدان اور دیگر ضروریات کا تفصیلی جائزہ

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر ضلع میں صحت کی سہولیات کی بہتری، طبی اداروں کی کارکردگی موثر بنانے اور عوام کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر یاسر طاہر، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر حفیظ بلوچ، سی ای او ڈی ای اے ہسپتال ڈاکٹر ناصر شیخ میاں، سی ای او ضمانی گرانٹ ہسپتال پسنی (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

5 تاریخی مساجد کی مسماری کے بعد نئی دہلی کی تاریخی ریس کورس مسجد کو بھی خالی کرنے کا نوٹس جاری

نئی دہلی (آن لائن) بھارت میں مودی حکومت کی جانب سے مسلم شناخت اور اسلامی تاریخی ورثے کو مٹانے کی مہینہ کوششیں جاری ہیں، پانچ تاریخی مساجد مسمار کرنے کے بعد نئی دہلی کی تاریخی ریس کورس مسجد کو بھی 6 دن میں خالی کرنے کا نوٹس جاری کردیا گیا۔ کشمیر میڈیا (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے ذمہ دار عہدیداروں کا اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کوئٹہ کے ذمہ دار عہدیداروں کا ایک اہم اجلاس زونل سیکرٹری وارث افغان کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں تنظیمی امور، ضلع کوئٹہ میں تنظیم کو مزید فعال ومنظم بنانے، طلبہ کے مسائل، سیاسی وتنظیماتی لائحہ عمل پر تفصیلی غور وخوض (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

کمشنر پشین ڈویژن قائم لاشاری کا ضلع چمن کا دورہ

عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

چمن (خ ن) کمشنر پشین ڈویژن قائم لاشاری نے ضلع چمن کا دورہ کیا، جہاں ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر چمن فدا بلوچ نے ان کا استقبال کیا۔ دورہ (باقی صفحہ 3 نمبر 25)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ ملاقات کررہے ہیں

ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی کا (DHQ) ہسپتال بارکھان کا دورہ

نظام کو شفاف بنا کر عوام کو دہلیز پر صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے

بارکھان (خ ن) ضلعی ناظم صحت ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (DHQ) ہسپتال بارکھان اور ایم سی ایچ (MCH) سنٹر کا مارننگ شفٹ کے دوران اچانک دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ضلعی ناظم صحت نے ڈیتھل وارڈ، (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

حالیہ مردم شماری کے مطابق آبادی 24 کروڑ سے تجاوز کرچکی ہے، ظفر علی بلیدی

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری بہبود آبادی ظفر علی بلیدی، ڈی جی پیپر پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ غلام مصطفیٰ، یو این ایف پی اے کی سعدیہ عطا ڈاکٹر امبرین مینگل، محمد ایوب کاکڑ، جمعہ خان ناصر خان نے کہا ہے کہ آبادی میں تیزی سے ہونے والے اضافہ سے پیدا ہونے والے چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹنے کیلئے حکومت قومی کونسل برائے آبادی کا قیام عمل میں لایا ہے، (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

آٹے کی قیمتوں میں اضافہ ایک قومی مسئلہ ہے، مہراللہ بادینی

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کہا ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں اضافہ ایک قومی مسئلہ ہے، جو صرف کوئٹہ تک محدود نہیں بلکہ ملک کے مختلف علاقوں میں بھی سامنے آرہا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے اس صورتحال میں ذخیرہ اندوزی اور خودساختہ گرانفروشی کی روک تھام (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیر صدارت اجلاس

مراکز میں بنیادی طبی سہولیات ادویات اور عملے کی دستیابی یقینی بنائی جائے

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیر صدارت PPHI دکی کی ماہانہ ریویو میٹنگ (MRM) منعقد ہوئی، جس میں ڈسٹرکٹ منیجر PPHI قاہر خان درانی، اے ڈی ایم راز محمد ناصر، این اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر عزیز کاکڑ، ڈاکٹر عبداللہ جان، سی ای او سعید احمد اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس میں ضلع بھر کے صحت مراکز کی کارکردگی، ادویات کی دستیابی، طبی عملے کی حاضری، طبی آلات اور جاری صحت پروگراموں کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ منیجر PPHI نے ماہانہ کارکردگی رپورٹ پیش کرتے ہوئے درپیش مسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل پر (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

پشتونخوا وطن سے دہشت گردی، بدامنی، بدانتظامی اور سرکاری پراکسیز کا خاتمہ کیا جاسکے، طلباء سے خطاب

مائنر منرل کے قبضے کیلئے پشتونخوا وطن میں بدامنی جاری ہے، پشتونخوا میپ

جرگوں کے ذریعے تمام وطن میں جاری بدامنی کیخلاف یک زبان ہوکر احتجاج کرینگے، نواب ایاز خان جوگیزئی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن سائنس کالج طلاقائی یونٹ کے زیر اہتمام سائنس کالج کوئٹہ کے گراؤنڈ میں نئے آنے والے طلبہ کے اعزاز میں ایک پروقار ویلکم پارٹی اور شمولیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کے مہمان خصوصی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی تھے۔ تقریب میں 200 سے زائد طلبہ نے پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن میں شمولیت اختیار کی۔ نئے طلبہ کو خوش آمدید کہا گیا (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

پشتونخوا ااسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے ذمہ دار عہدیداروں کا اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کوئٹہ کے ذمہ دار عہدیداروں کا ایک اہم اجلاس زونل سیکرٹری وارث افغان کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں تنظیمی امور، ضلع کوئٹہ میں تنظیم کو مزید فعال ومنظم بنانے، طلبہ کے مسائل، سیاسی وتنظیماتی لائحہ عمل پر تفصیلی غور وخوض (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

ذاتی و سیاسی انا کو بالائے طاق رکھ کر ایک "میثاقِ جمہوریت" اور "میثاقِ معیشت" پر اتفاقِ رائے قائم کیا جائے

مفاہمت اور جمہوریت کے تسلسل سے ہی تمام چیلنجز کا پائیدار حل ممکن ہے

بقیت ظہرانی

انتقامی کارروائیوں اور پارلیمنٹ کی تحقیر سے جمہوری نظام کھوکھلا ہو جاتا ہے، مولانا عبدالقادر لونی و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الصمد ی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ مفاہمت اور جمہوریت کے تسلسل سے ہی تمام چیلنجز کا پائیدار (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری انصاف کے نظام پر سوالیہ نشان ہے، سینیٹر ایمل ولی خان

پشاور/ کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان نے اے این پی بلوچستان کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی عدالت کے احاطے سے گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے انصاف کے نظام پر ایک بڑا سوالیہ نشان قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ کیس کے مدعی کی جانب سے بیان حلفی جمع کرانے اور عدالت کے روبرو پیش ہوکر اصغر خان اچکزئی کو نامزد نہ کرنے کی تصدیق کے باوجود ضمانت منسوخ کرکے گرفتاری عمل میں لانا (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

پشتونخوا نیپ کا ژوب میں انٹرنیٹ سروسز کی مکمل بندش پر گہری تشویش کا اظہار

سرکاری ونجی اداروں اور عام شہریوں کی روزمرہ سرگرمیاں بھی متاثر ہورہی ہیں، بیان

ژوب اور ضلع شیرانی جیسے علاقوں میں، جہاں تعلیمی اور مواصلاتی سہولتوں کی پہلے ہی کمی ہے

ژوب+شیرانی (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے پریس ریلیز میں ژوب اور ضلع شیرانی میں تھری جی اور فور جی انٹرنیٹ سروسز کی مکمل بندش پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ انٹرنیٹ سروسز فوری طور پر بحال کی جائیں، تاکہ طلبہ وطالبات سمیت عام شہریوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔ پارٹی نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 30)


گورنمنٹ پرائمری اسکول کلی شیخان المینٹری کالج کا ٹیوب ویل 6 ماہ سے خراب

کوئٹہ (آن لائن) گورنمنٹ پرائمری اسکول کلی شیخان المینٹری کالج کا ٹیوب ویل گزشتہ 6 ماہ سے خراب ہونے کے باعث اسکول میں زیر تعلیم بچوں اور اساتذہ کرام کو شدید مشکلات کا سامنا جبکہ چندہ کرکے اسکول کیلئے پانی ٹینکر کے ذریعے منگوایا جارہا ہے۔ گورنمنٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

جاپانی اعزازی قونصل جنرل کاشار علی ہزارہ کی وفات پر اظہار افسوس

سید ندیم عالم شاہ اور سید فیروز شاہ کا غیور علی، محمد علی اور سوگوار خاندان سے تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے بلوچستان، کوئٹہ سید ندیم عالم شاہ اور حکومت پاکستان کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ (تمغہ امتیاز) سید فیروز شاہ نے سابق صوبائی وزیر تعلیم سردار نثار علی ہزارہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے مرحوم کے صاحبزادوں غیور علی اور محمد علی سمیت دیگر اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس دکھ کی گھڑی میں سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور (باقی صفحہ 3 نمبر 34)



کوئٹہ، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ صوبے میں جاری فیڈرل پروجیکٹس پر منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں اس موقع پر سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان بھی موجود ہیں



صوبائی سیکرٹری بہبود آبادی ظفر علی بلیدی، ڈی جی غلام مصطفیٰ، سعدیہ عطاء، ڈاکٹر امبر محمد ایوب کاکڑ، جمعہ خان، ناصر خان اور دیگر محکمہ بہبود آبادی بلوچستان اور یو این ایف پی اے کے تعاون سے ٹیکنیکل مشاورتی ایف پی 2030 ورکنگ گروپ سے خطاب کررہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com